03/05/2026

09:25 /AM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گُل

پد یاترا

لیفٹینٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ دہشت پسندی اور منشیات ایک دوسرے کے ساتھ جڑے کی با Addicts ہوئے ہیں اور اس کی سپلائی چین توڑنے ، لوگوں میں بیداری پیدا کرنے اور ڈرگ ز آباد کاری اور علاج و معالجے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

ایک خبر رساںایجنسی سے بات کرتے ہوئے انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ آج فٹ بال اسٹیڈیم ٹی آر سی سرینگر سے منعقد ہونے والی پد یاترا میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

واضح رہے کہ اس پد یاتر امینشریک ہونے کے لئے لوگ صبح سویرے سے ہی پہنچ رہے ہیں جہاں ایل جی منوج سنہااب سے تھوڑی دیر میں یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کر نے والے ہیں۔ اس پد یاترا کےلئے تمام ضروری انتظامات کئے گئے ہیں اور عوام کی سہولت کےلئے ایک ٹریفک ایڈوائزری بھی جا ری کی گئی ہے۔

درخشاں

سینئر بی جے پی لیڈر اور وقف بورڈ کی چیرپرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے راجپورہ پلوامہ میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ایک جلسے سے خطاب کر تے ہوئے کہا ہے کہ پورے سماج کے نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنے میں ہمیں اپنا کلیدی رول ادا کرنا چاہئے۔

ڈاکٹر اندرابی نے کہا کہ زمینی سطح پر بیداری پیدا کرنے سے اس بدعت کا قلع قمع کیا جا سکتا ہے۔

NEET

یعنی نیشنل NEET کی طرف سے آج سال2026کا (NTA)امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی ٹیسٹ منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس امتحان میں ملکی سطح پر22لاکھ سے Eligibilty cum Entrence زیادہ طا لب علم شرکت کر رہے ہیں۔

جمونو کشمیر سے بھی1ہزار676 سیٹوں کےلئے قریب50ہزار اُمید وار اس امتحان میں شریک ہو رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ اُر دو زبان کو نوکری کی اہلیت سے ڈراپ کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ انہوننے کہا ہے کہ اس مسئلہ کے تعلق سے عوامی آراءطلب کی گئی ہے اور اس طرح کا کوئی حکم نامہ ابھی تک لاگو نہیں کیا گیا ہے۔

اس بارے میں ایک تقریب کے حاشیے پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا۔

جا وید رانا

جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیرجاوید احمد رانا نے ترقیاتی منصوبوں کو لوگوں کی حقیقی ضروریات کے مطابق ترتیب د ینے کی ضرورت اُجاگر کرتے ہوئے پینے کے پانی کی فراہمی ، سڑک رابطے ، طبی سہولیات اور تعلیم کی خدمات کے بنیادی ڈھانچہ کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کرنے پر زور دیا ہے۔

پونچھ ضلع کیلئے مالی سال-27 2026 کے سالانہ ایکشن پلان کا جائیزہ لیتے ہوئے انہوں نے متعلقہ محکموں سے کہا کہ وہ ٹائم لائنز پر سختی سے عمل کرنے کےلئے آپسی تال میل بنائے رکھیں۔

پریس ڈے

آج صحافت کی آزادی کا عالمی دن ہے ۔ آج کے دن دنیا بھر میں آزاد صحافت کو یقینی بنانے کے لئے کئے جا رہے اقدامات کو اجا گر کیا جاتا ہے ۔

ساتھ ہی میڈیا کے ان افراد کو بھی یاد کیا جاتا ہے، جنھوں نے پوری دنیا میں اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے ۔ واضح رہے کہ ایک پر امن سماج وجود میں لانے میں آزاد صحافت اور صحافی کی کا فی ساری ذمہ داریاں ہو تی ہیں۔

مبارک

متعدد سماجی اور سیاسی شخصیات نیز انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں نے پریس ڈے کے موقعے پر سماج کی بہتری کےلئے کام کرنے والے صحافیوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے اس دن کے موقعے پر ایک پیغام میں کہا ہے کہ صحافی برادری، پچھڑے طبقوں کی آواز بن کر ان کے معیار حیات میں بہتری لانے میں اہم رول ادا کر تی ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیرا علیٰ سریندر چودھری نے جمونمیننئے اسمبلی کمپلیکس اور کئی دیگر ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا ۔ اس دوران انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ نئے اسمبلی کمپلیکس سمیت بنیادی ڈھانچے کے دیگر ترقیاتی پروجیکٹوں کے معیار کو بر قرار رکھتے ہوئے ان کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11اعشاریہ6ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ 20 اعشاریہ8ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....